folkehelseinstituttet

**اوسلو میں COVID-19 انفیکشن کے شبہے والے مقامات کا جائزہ (کنٹرولز یعنی صحتمند افراد)**

# آپ کے لیے معلومات جنہیں اس تحقیقی مطالعے میں شرکت کی دعوت دی جا رہی ہے کہ کن حالات میں COVID-19 انفیکشن لگنے کا امکان سب سے زیادہ ہوتا ہے

کیا آپ ان لوگوں میں شامل ہیں جنہیں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ نے ان حالات کے تحقیقی مطالعے میں شرکت کے لیے ایس ایم ایس پر دعوت دی ہے جن میں COVID-19 انفیکشن لگنے کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے؟ مارچ میں اوسلو کے رہائشیوں میں سے کچھ لوگوں کو تحقیقی مطالعے میں شریک ہونے کی دعوت ملے گی۔ یہاں آپ اس تحقیق کے بارے میں اور اس میں شرکت کے مطلب کے بارے میں مزید تفصیل پڑھ سکتے ہیں۔

**تحقیقی مطالعہ**

- آپ کو ان حالات کے تحقیقی مطالعے میں شرکت کی دعوت دی جا رہی ہے جن میں اوسلو میں کرونا وائرس (COVID-19) کا انفیکشن لگنے کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔
- آپ کو شرکت کی دعوت اس لیے دی جا رہی ہے کہ آپ ان لوگوں میں شامل ہیں جنہیں پبلک رجسٹری سے اتفاق طور پر اس تحقیق میں شرکت کی دعوت کے لیے چنا گیا ہے۔
- تحقیق کا مقصد یہ جاننا ہے کہ کن حالات میں COVID-19 انفیکشن لگنے کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔
- تحقیق سے حاصل ہونے والے جوابات سے قیمتی معلومات ملیں گی جنہیں اوسلو میں انفیکشن کم کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔
- ہم اوسلو میں رہنے والے ان لوگوں کے ایک گروہ سے بھی یہی سوالات پوچھیں گے جنہیں COVID-19 انفیکشن ثابت ہوا ہے تاکہ اس بارے میں بہتر علم حاصل ہو کہ کچھ لوگوں کو انفیکشن کیوں لگتا ہے اور کچھ کو انفیکشن کیوں نہیں لگتا۔
- اگر آپ شرکت پر رضامند ہوں تو سوالات اس بارے میں ہوں گے کہ آپ نے اس تحقیق میں شامل ہونے سے پہلے کے 14 دنوں میں کیا کچھ کیا ہے اور آپ کہاں رہے ہیں۔
- ایس ایم ایس پر ان معلومات کا لنک ملنے کے چند دن بعد آپ کو نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ کی طرف سے مارکیٹنگ تجزیاتی کمپنی Kantar فون کرے گی۔ فون کرنے والا آپ سے تحقیق میں شریک ہونے کے لیے زبانی رضامندی دینے کو کہے گا۔ اس میں شریک ہونا آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔ اگر آپ شریک ہونا چاہیں تو آپ فون پر انٹرویو میں سوالات کے جواب دیں گے جس میں تقریباً 10 سے 12 منٹ لگیں گے۔

**تحقیق کا مقصد کیا ہے؟**

ایک نیا کرونا وائرس (SARS-CoV-2) جو COVID-19 بیماری کا سبب بنتا ہے، ناروے سمیت پوری دنیا میں پھیل چکا ہے۔ انفیکشن کے پھیلاؤ پر قابو پانے کے لیے ناروے کی حکمت عملی کا ایک اہم حصہ باقاعدہ ہدف کے تحت انفیکشن ٹریسنگ کرنا ہے تاکہ کیسوں کو شناخت کر کے انفیکشن کا مزید پھیلاؤ روکنے کے لیے اقدامات کیے جا سکیں۔ بدقسمتی سے خزاں 2020 کے دوران اوسلو میں انفیکشن کے 30 ٪ تک کیسوں میں یہ معلوم کرنے میں کامیابی نہیں ہوئی کہ ان لوگوں کو انفیکشن کہاں لگا تھا۔ لہذا ہمیں ان حالات کا باقاعدہ علم حاصل کرنے کے لیے آپ کی مدد کی ضرورت ہے جن میں اوسلو میں انفیکشن کے پھیلاؤ کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ اس بارے میں مزید سمجھنا اہم ہے کہ انفیکشن کہاں پیدا ہوتا ہے اور معاشرے میں آگے کیسے پھیلتا ہے تاکہ عوام کے لیے ہدایات کو بہتر بنایا جا سکے اور انفیکشن کے آگے پھیلاؤ کو محدود رکھنے کے لیے باقاعدہ ہدف کے تحت اقدامات کیے جائیں۔ تحقیقی مطالعے کا اہم ترین مقصد یہ معلوم کرنا ہے کہ اوسلو میں کن حالات میں کرونا وائرس انفیکشن لگنے کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ اس پراجیکٹ پر نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ اور بلدیہ اوسلو مل کر کام کر رہے ہیں۔

**آپ کو شرکت کی دعوت کیوں دی جا رہی ہے؟**

ہم آپ کو اس لیے تحقیقی مطالعے میں شرکت کی دعوت دے رہے ہیں کہ آپ کی عمر 18 اور 70 سال کے درمیان ہے اور آپ اوسلو میں رہتے ہیں۔ اوسلو میں رہنے والے افراد کے ایک گروہ کو پبلک رجسٹری سے اتفاقی طور پر چنا گیا ہے اور انہیں صحتمند کنٹرول افراد (کنٹرولز) کے طور پر شرکت کی دعوت دی جا رہی ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ ہم اتنی ہی تعداد میں ان لوگوں کو بھی بطور کیسز تحقیق میں لیں گے جن کا کرونا وائرس (COVID-19) ٹیسٹ حال ہی میں مثبت آیا ہے۔ تحقیق میں شرکت کی ایک شرط یہ ہے کہ آپ اوسلو میں رہتے ہوں اور آپ کی عمر 18 اور 70 سال کے درمیان ہو۔

**شرکت کا کیا مطلب ہے؟**

- ایس ایم ایس پر معلومات کا لنک ملنے کے چند دن بعد آپ کو نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ کی طرف سے مارکیٹنگ تجزیاتی کمپنی Kantar فون کرے گی۔
- فون کرنے والا آپ سے تحقیق میں شریک ہونے کے لیے زبانی رضامندی دینے کو کہے گا۔
- شریک ہونا آپ کی مرضی پر منحصر ہے اور انٹرویو کے دوران آپ جب چاہیں، شرکت سے انکار کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ شریک ہونا چاہیں تو آپ فون پر انٹرویو میں سوالات کے جواب دیں گے جس میں تقریباً 10 سے 12 منٹ لگیں گے۔
- فون پر انٹرویو کے دوران ہم پہلے آپ سے کچھ عمومی سوالات پوچھیں گے جو آپکے پس منظر، زندگی کے حالات اور آپ کے ساتھ رہنے والے لوگوں کی تعداد کے متعلق ہوں گے۔ پھر ہم آپ سے اس بارے میں سوالات پوچھیں گے کہ اس تحقیق میں شریک ہونے سے پہلے کے 14 دنوں میں آپ کیا کرتے رہے ہیں۔ آخر میں ہم آپ سے اس بارے میں پوچھیں گے کہ آپ کو معاشرے میں انفیکشن کا پھیلاؤ محدود کرنے کی غرض سے کیے گئے مختلف اقدامات کیسے لگتے ہیں۔
- یہ تحقیق ایک بار ہو گی اور آپ سے دوبارہ اسی تحقیق میں شامل ہونے کے لیے نہیں پوچھا جائے گا اور نہ ہی آپ سے تحقیقی مطالعے کے سلسلے میں مزید رابطے کیے جائیں گے۔

**شرکت کے فوائد اور نقصانات**

شریک ہو کر آپ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ کو COVID-19 بیماری کے متعلق اور اوسلو میں انفیکشن پھیلنے کے طریقوں کے متعلق قیمتی علم حاصل کرنے میں مدد دیں گے۔ اس علم کو ہم انفیکشن کا مزید پھیلاؤ روکنے کے لیے باقاعدہ ہدف کے تحت اقدامات کرنے کی خاطر استعمال کریں گے۔

آپ کی شرکت کا مطلب یہ بالکل نہیں ہے کہ آپ کو کسی قسم کا طبی علاج یا ٹیسٹ کروانا پڑے گا۔ آپ فون پر انٹرویو کے ذریعے شریک ہوں گے۔

**مجھ سے حاصل کی جانے والی تفصیلات کا کیا ہوگا؟**

آپ کے متعلق جو تفصیلات رجسٹر کی جائیں گی، انہیں صرف اس پراجیکٹ کے بیان کردہ مقصد کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ تفصیلات کے استعمال اور انہیں سنبھال کر رکھنے کے عرصے میں اگر توسیع کی گئی تو یہ توسیع صرف ریجنل اخلاقیاتی کمیٹی اور دوسرے متعلقہ حکام کی اجازت سے ہو سکے گی۔ آپ کو یہ دیکھنے کا حق حاصل ہے کہ آپ کے متعلق کونسی تفصیلات رجسٹر کی گئی ہیں اور اگر رجسٹرڈ تفصیلات میں کوئی غلطی ہو تو آپ کو اسے درست کروانے کا حق حاصل ہے۔ آپ کو تفصیلات پر کارروائی کے سلسلے میں حفاظتی اقدامات کے متعلق معلوم کرنے کا حق بھی حاصل ہے۔

آپ کے متعلق تمام تفصیلات کو راز میں رکھا جائے گا اور ان پر پرائیویسی کے مؤثر قوانین کے تحت کارروائی کی جائے گی۔

آپ کے متعلق تفصیلات پر کارروائی کرتے ہوئے آپ کی شناخت کروا سکنے والی ذاتی تفصیلات (جیسے نام، تاریخ پیدائش اور نارویجن شناختی نمبر) کی جگہ ایک کوڈ ڈال دیا جائے گا۔ اسے شناخت نکالنا کہتے ہیں۔ پراجیکٹ کے معاونین کی ایک بہت تھوڑی تعداد کے لیے اس کوڈ کا تعلق آپ کی ذاتی تفصیلات سے جوڑنا ممکن ہو گا۔ محققین کو صرف ان ڈیٹا تک رسائی حاصل ہو گی جن میں سے شناخت نکال لی گئی ہوگی۔ پراجیکٹ انچارج اس بات کے لیے ذمہ دار ہے کہ آپ کے متعلق تفصیلات پر محفوظ طریقے سے کارروائی کی جائے۔ جب ڈیٹا شائع کیا جائے گا تو اس کے نتائج میں تحقیق میں شریک ہونے والے کسی شخص کو پہچاننا ممکن نہیں ہو گا۔

آپ کے متعلق تفصیلات کو چیکنگ کی غرض سے پراجیکٹ ختم ہونے کے بعد پانچ سال تک محفوظ رکھا جائے گا۔ پراجیکٹ کے اختتام کے لیے 31 دسمبر 2025 کی تاریخ رکھی گئی ہے لیکن پراجیکٹ میں توسیع ہو سکتی ہے بشرطیکہ طبی تحقیق اور صحت سے متعلق تحقیق کے لیے ریجنل اخلاقیاتی کمیٹی (REK) اس کی منظوری دے۔

**شرکت آپ کی مرضی پر منحصر ہے اور آپ اپنی رضامندی واپس لے سکتے ہیں**

تحقیقی مطالعے میں شرکت آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔ آپ جب چاہیں، کوئی وجہ بتائے بغیر اپنی رضامندی واپس لے سکتے ہیں۔ اگر آپ شریک نہ ہونا چاہیں یا بعد میں تحقیق سے الگ ہونے کا انتخاب کریں تو اس سے آپ کی نگہداشت یا علاج کے لیے کوئی منفی نتائج مرتب نہیں ہوں گے۔ اگر آپ رضامندی واپس لے لیں تو آپ کی صحت کی تفصیلات پر مزید تحقیق نہیں کی جائے گی۔ اگر آپ تحقیقی مطالعے سے الگ ہو جائیں تو آپ اپنے متعلق اکٹھی کی گئی تفصیلات تلف کرنے کا تقاضا کر سکتے ہیں، سوائے اس کے کہ انہیں پہلے ہی سائنسی اشاعتوں میں

استعمال کر لیا گیا ہو۔ اگر آپ بعد میں الگ ہونا چاہیں یا تحقیق کے متعلق سوال پوچھنا چاہیں تو آپ پراجیکٹ انچارج سے ای میل یا فون پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

آپ اپنی تفصیلات پر کارروائی کے سلسلے میں نارویجن ڈیٹا پروٹیکشن اتھارٹی اور انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں پرائیویسی کے نگران سے شکایت کر سکتے ہیں (رابطے کے لیے تفصیلات نیچے دیکھیں)۔

طبی تحقیق اور صحت سے متعلق تحقیق کے لیے ریجنل اخلاقیاتی کمیٹی (REK) نے اس تحقیقی مطالعے کے لیے منظوری دی ہے۔

ذاتی تفصیلات سے متعلق نئے قانون کے تحت علاج کا ذمہ دار ادارہ، انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ اور پراجیکٹ انچارج Pawel Stefanoff خودمختارانہ طور پر یہ یقینی بنانے کے پابند ہیں کہ آپ کی ذاتی تفصیلات پر کارروائی کا قانونی جواز موجود ہو۔ اس پراجیکٹ کو یورپیئن یونین کی جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن کے آرٹیکل 6 نمبر 1a اور آرٹیکل 9 نمبر 2a اور آپ کی رضامندی کی بنیاد پر قانونی جواز حاصل ہے۔

**کیا آپ تحقیقی مطالعے یا شرکت سے متعلق کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں؟**

ہم سے ای میل korona-oslo@fhi.no یا فون پر رابطہ کریں: پراجیکٹ انچارج Pawel Stefanoff سے فون نمبر 697 72 906 پر بات کریں۔

اگر آپ کو پرائیویسی اور ڈیٹا کی حفاظت سے متعلق کوئی سوال پوچھنا ہو تو آپ انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں پرائیویسی کے نگران سے ای میل پر رابطہ کر سکتے ہیں: personvernombud@fhi.no

نارویجن ڈیٹا پروٹیکشن اتھارٹی سے بھی اس ای میل ایڈریس پر رابطہ کیا جا سکتا ہے: postkasse@datatilsynet.no